



**Vol. No. 6320 http://web.uaf.edu.pk/CampusNews/ViewCampusNews Dated: 20-02-2024**



زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد خاں، ڈاکٹر بکرم گل، ڈاکٹر کلوندن سنگھ گل، ڈاکٹر رچرڈ، ڈاکٹر محمد سرور خاں، ڈاکٹر ذوالفقار علی و دیگر بین الاقوامی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# سالانہ اوسط پیداوار میں صرف دس فیصد اضافے سے گندم میں خود کفالت حاصل کی جا سکتی ہے: وائس چانسلر

## موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف زیادہ قوت مدافعت رکھنے والی غذائیت سے بھرپور گندم کی اقسام متعارف کروانا ہونگی: زرعی ماہرین

بین الاقوامی کانفرنس میں زرعی سائنسدانوں نے کہا ہے کہ غذاء اور غذائیت کے بحران سے نبرد آزما ہونے کے لئے موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی زیادہ پیداوار کی حامل اور غذائیت سے بھرپور اقسام متعارف کروانے اور فروغ دینے کے لئے مربوط کاوشیں عمل میں لانا ہوں گی تاکہ بدلتی ہوئی آب و ہوا، آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے خوراک اور غذائی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ پلانٹ بریڈنگ اینڈ جینیٹکس اور سنٹر فار ایڈوانسڈ سٹڈیز کے زیر اہتمام دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس برائے ''زیادہ پیداواریت کے لئے جدید ٹیکنالوجی'' کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خاں نے کہا کہ ترقی پسند کسانوں اور روایتی کسانوں کی پیداواری صلاحیت میں واضح فرق موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سال میں گندم درآمد کرتا ہے جبکہ اوسط پیداوار میں صرف دس فیصد اضافے سے گندم میں خود کفالت کو یقینی بنایا جا سکتا ہے جس کے لیے ہمیں جدید رجحانات اور موسمیاتی لچکدار اقسام کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی میں واشنگٹن سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ کے تعاون سے ماحولیاتی لچکدار گندم کی اقسام متعارف کروائی جا رہی ہیں جو کہ موسمیاتی تبدیلیوں کا باآسانی مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ ویٹ جینیٹکس ریسورس سنٹر کینساس سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر بکرم ایس گل نے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے بریڈنگ میں ٹھوس تحقیقاتی عمل کو بروئے کار لاتے ہوئے نئی اقسام پیدا کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کا جین بینک 5000 سے زیادہ گندم کے جینیاتی خزانے کو محفوظ کئے ہوئے ہے جو کہ محققین کے لئے باآسانی دستیاب ہے تاکہ وہ اختراعی سوچ کو بروئے کار لاتے ہوئے نئی اقسام کے حصول میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ واشنگٹن سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ کے معروف سائنسدان ڈاکٹر کلوندن سنگھ گل نے کہا کہ دنیا میں زیادہ سے زیادہ گندم کی پیداوار کا ریکارڈ 70 ٹن پر ہیکٹر ہے جبکہ دنیا کی اوسط پیداوار صرف 3 ٹن تک محدود ہے۔ انہوں نے کہا کہ چاول کی زیادہ سے زیادہ پیداوار 22 ٹن پر ہیکٹر ہے جبکہ اوسط پیداوار صرف 4 ٹن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے پراجیکٹ میں گرمی کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی گندم کی زیادہ پیداوار میں کئی اقسام متعارف کروائی گئی ہیں جبکہ ان کا فیلڈ ٹرائل انڈیا، نیپال، پاکستان اور مصر میں کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی پراجیکٹ کے تحت زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں نئی اقسام کا فیلڈ ٹرائل جاری ہے جس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ سڈنی یونیورسٹی آسٹریلیا کے سائنسدان ڈاکٹر رچرڈ ٹرتھوان نے کہا کہ گندم کی ہائی بریڈ اقسام سے زیادہ پیداوار کے حصول کو ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وہ گندم کی جینیٹک کے حوالے سے متعدد تحقیقاتی امور سرانجام دے چکے ہیں۔ میلبورن یونیورسٹی آسٹریلیا سے پروفیسر ڈاکٹر ایلیکس جانسن نے کہا کہ دنیا میں آئرن کی کمی کی وجہ سے دو ارب افراد متاثر ہو رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ زنک اور دیگر ضروری اجزاء کی بھی بڑے پیمانے پر کمی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ساتھ مل کر جینیاتی موڈیفائیڈ آئرن، بائیوفائیڈ گندم پر مشترکہ کاوشیں عمل میں لا رہے ہیں۔ ڈائریکٹر پروگرام اینڈ پراجیکٹس ڈیپارٹمنٹ اسلامی آرگنائزیشن فار فوڈ سکیورٹی ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا کہ او آئی سی کے 57 ممالک میں سے صرف 9 غذائی استحکام کے اہداف پورے کر رہے ہیں جبکہ باقی ممالک غذائی کمی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2019ء میں او آئی سی ممالک کو 65 ارب ڈالر کا غذائی خسارے کا سامنا تھا جبکہ 300 ارب ڈالر خوراک، فوڈ پروسیسنگ اور دیگر عوامل کی عدم دستیابی کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہے۔ پرو وائس چانسلر ڈاکٹر محمد سرور خاں نے کہا کہ ملک کو درپیش زرعی چیلنجز کا سامنا کرنے کے لئے جدید رجحانات اور ٹھوس تحقیقاتی عمل کو پروان چڑھانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی اس معاملے میں تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ اس موقع پر تاجکستان کے ڈاکٹر نذیر، چیئرمین پلانٹ بریڈنگ اینڈ جینیٹکس ڈاکٹر عظیم اقبال خاں، ڈاکٹر رضوانہ مقبول، ڈاکٹر راحیلہ رحمان، ڈائریکٹر ریسرچ ڈاکٹر جعفر جسکانی، پرنسپل آفیسر تعلقات عامہ ڈاکٹر جلال عارف و دیگر بھی موجود تھے۔

**SITUATION VACANT**

1. Applications are invited for the three (03) post of Short-Term Personnel @ Rs. 25,000/- per month in the HEC funded project under Rapid Technology Transfer Grant entitled "Seed Pelleting Technology for Enhancing the Performance of Tomato and High Value Vegetable Crops". The qualification for the applicant is Matric. The appointment will be purely on contract basis. Applications on prescribed form (available at www.uaf.edu.pk) along with one most recent attested photograph and attested copies of academic certificates, degrees, testimonials, detailed mark certificates and experience certificates with specific dates should reach in the office of Dr. Irfan Afzal, Associate Professor/PI, Department of Agronomy, University of Agriculture, Faisalabad during office hours within 7 days after the publication of this notice. Applications either incomplete or received after due date will not be entertained. The university reserves the right not to fill vacancy without assigning any reason.
2. Applications are invited for the two (02) post of Under Graduate Students @ Rs. 20,000/- per month in the HEC funded project under Rapid Technology Transfer Grant entitled "Seed Pelleting Technology for Enhancing the Performance of Tomato and High Value Vegetable Crops". The qualification for the applicant is BSc Student Major Agronomy. The appointment will be purely on contract basis. Applications on prescribed form (available at www.uaf.edu.pk) along with one most recent attested photograph and attested copies of academic certificates, degrees, testimonials, detailed mark certificates and experience certificates with specific dates should reach in the office of Dr. Irfan Afzal, Associate Professor/PI, Department of Agronomy, University of Agriculture, Faisalabad during office hours within 7 days after the publication of this notice. Applications either incomplete or received after due date will not be entertained. The university reserves the right not to fill vacancy without assigning any reason.
3. Applications are invited for one (1) Post of Lab Internee Rs. 25,000/- per month in the HEC funded project under Rapid Technology Transfer Grant (RTTG) entitled "Low-cost Domestic Production of Taq Polymerase Enzyme for Research and Diagnostics". The qualification for the applicant is M.Phil/MSc. (Hons) Biotechnology. The appointment will be purely on contract basis. Applications on prescribed form (available at www.uaf.edu.pk) along with one most recent attested photograph and attested copies of academic certificates, degrees, testimonials, detailed mark certificates and experience certificates with specific dates should reach in the office of Prof. Dr. Sultan Habibullah Khan, Director/PI, Center of Advanced Studies (CAS), UAF during office hours within 7 days after the publication of this notice. Applications either incomplete or received after due date will not be entertained. The university reserves the right not to fill vacancy without assigning any reason.
4. Applications are invited for the two (02) post of MSc Student @ Rs. 40,000/- per month in the HEC funded project under Rapid Technology Transfer Grant entitled "Seed Pelleting Technology for Enhancing the Performance of tomato and High Value Vegetable Crops". The qualification for the applicant is Enrolled Student in M.Sc. Agronomy/SST. The appointment will be purely on contract basis. Applications on prescribed form (available at www.uaf.edu.pk) along with one most recent attested photograph and attested copies of academic certificates, degrees, testimonials. detailed mark certificates and experience certificates with specific dates should reach in the office of Dr. Irfan Afzal, Associate Professor/PI, Department of Agronomy, University of Agriculture. Faisalabad during office hours within 7 days after the publication of this notice. Applications either incomplete or received after due date will not be entertained. The university reserves the right not to fill vacancy without assigning any reason.
5. Applications are invited for one (1) post of Studentship @ USD 100/- per month in the Korean Funded research project titled "Nutritional Profiling of milk from different mammalian species of Pakistan with special reference to proteomics and genomic studies". The appointment will be purely on contract basis. Applicants are required to have qualification of PhD/M.Sc. (Hons.) in Food Technology / Dairy Technology Students. Application on UAF-prescribed format (available at www.uaf.edu.pk) alongwith one most recent attested photograph and attested copies of academic certificates, degrees, testimonials, detailed mark certificates and experience certificates with specific dates (if any) should reach in the office of Prof. Dr. Imran Pasha, National Institute of Food Science & Technology, UAF during office hours within 7 days after the publication of this notice. Applications either incomplete or received after due date will not be entertained. The University reserves the right not to fill vacancy without assigning any reason.

**نیلام عام**

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 01.03.2024 بروز جمعہ بوقت 10:30 am. شعبہ گارڈننگ ونگ اسٹیٹ مینجمنٹ، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں 99 عدد جامن، 59 عدد آم، 150 عدد کھجور اور 50 عدد املتاس کی پھلیاں کا پھل نیلام کیا جارہا ہے جس کا معائنہ دفتری اوقات کے درمیان کیا جاسکتا ہے۔ ہر خاص و عام کو درج ذیل شرائط پر شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔ 1۔ درختوں کے پھل کی نیلامی (جیسے ہیں جہاں ہے) کی بنیاد پر ہوگی۔ 2۔ موسمی، آسمانی آفات یا کسی بھی قسم کے نقصان ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ ذمہ دار ہوگا، شعبہ گارڈننگ ونگ اسٹیٹ مینجمنٹ کسی بھی قسم کے نقصان ہونے کی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ 3۔ کھجور کی پولی نیشن کرنا کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ 4۔ بولی میں شرکت کے لیے اصل قومی شناختی کارڈ بمعہ ایک عدد فوٹو کاپی بولی شروع ہونے سے قبل جمع کروانی ہوگی۔ 5۔ بولی میں شرکت سے قبل مبلغ 20 ہزار روپے بطور ضمانت (قابل واپسی) موقع پر جمع کروانا ہونگے۔ 6- کامیاب بولی دہندہ طے شدہ رقم کا 1/2 حصہ موقع پر ادا کرے گا + نیلامی پھل کی ٹیکس کی رقم کامیاب نیلامی دہندہ موقع پر ادا کرے گا۔ بقایا رقم مورخہ 27-05-2024 کو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ 7۔ بولی کی رقم کے علاوہ 10 فیصد گورنمنٹ ٹیکس (فائلر) ہے، (جبکہ نان فائلر 20 فیصد) لاگو ہوگا۔ 8۔ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد درختوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر ہوگی۔ 9۔ یونیورسٹی انتظامیہ کسی بھی موقع پر بولی منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ 10۔ بولی سے تعلق کسی بھی تنازعہ کی صورت میں مجاز اتھارٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا، مجاز اتھارٹی کے فیصلے کو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔ 11۔ کامیاب بولی دہندہ کو کیمپس میں مورخہ 31-08-2024 تک دو مقامات پر پھل بیچنے کی اجازت ہوگی۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔ (1۔ مین روڈ 2۔ ریپرسیل کے سامنے)۔ نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ کو بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی 08 مارچ 2024 بروز جمعہ بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی۔

**PLACEMENT OF PhD THESIS FOR PEER REVIEW**

1. PhD thesis of Muhammad Sohail Aziz, Regd. No. 2009-ag-1388, entitled "Transgender Issues, Challenges and Their Adjustment in Society in Punjab, Pakistan" will be placed in the office of the Chairman, Department of Rural Sociology from 20-02-2024 to 28-02-2024 for peer review. All concerned faculty members and students are welcome to read/comments.
2. PhD thesis of Mr. Muhammad Farhan Ayaz Chishti, Regd. No. 2018-ag-1945, a PhD student of Animal Nutrition will be placed in the Faculty Library, Faculty of Animal Husbandry, UAF for peer review from 22-02-2024 to 29-02-2024. The title of the thesis is "Nutritional enrichment of straw from genetically improved wheat and its effect on production performance of Sahiwal Cattle". The observations/suggestions received as a result of peer review will be incorporated in the final thesis to be submitted to the controller of examination for further processing.
3. Ms. Shahida Parveen, Regd. No. 2018-ag-4550, a PhD student at the Institute of Business Management Sciences, will place her PhD thesis for peer review in the office of the Director/Incharge, IBMS. The thesis will be available for peer review for one week after the publication of this notice. The title of her thesis is "Dynamics and Determinants of Consumer Buying Behavior Towards Meat in Pakistan".
4. Mr. Muhammad Tayyab Tahir, Regd. No. 99-ag-1344, a PhD student at the Institute of Business Management Sciences, will place his PhD thesis for peer review in the office of the Director/Incharge, IBMS. The thesis will be available for peer review for one week after the publication of this notice. The title of his thesis is "Market Integration and Price Volatility Analysis: Implications for Rice Sector in Pakistan".
5. PhD thesis of Ms. Iram Ijaz, Regd. No. 2015-ag-570, will be placed in the office of the Chairman, Department of Botany for one week from 22-02-2024 to 28-02-2024 prior to its submission for foreign evaluation. The faculty and the students are invited to peruse the thesis for any suggestions/correction. The suggestions received if any will incorporated through the supervisory committee. Title: "Adaptive components for environmental heterogeneity in some *Aristida* L. species from different ecological zones".

**PhD THESIS/SYNOPSIS DEFENCE**

1. Miss Qurat-ul-Ain, Regd. No. 2014-ag-849, PhD student, Department of Pathology will defend her synopsis entitled, "Development and evaluation of indigenous phytobiotics based product for the control of colibacillosis in poultry" on 21-02-2024 at 10:00 am in the Faculty Meeting Room, Faculty of Veterinary Science, UAF. All interested are cordially invited to participate.
2. Mr. Tahseen Afzal, Regd. No. 2009-ag-3283, PhD Soil Science student at Institute of Soil and Environmental Sciences will defend his thesis in a seminar at the University level on 26-02-2024 at 09:00 am in Institute Library. The title of his thesis is "Impact of crop residues quality and quantity on soil organic carbon dynamics in different soil types and depths".
3. Synopsis re-defense of Ms. Arifa Murtaza Regd. No. 2015-ag-1035 PhD student (Chemistry) entitled "Designing of small organic molecules for application in third generation solar cells" will be held on 27-02-2024 at 02:00 pm in the Seminar/Library room Department of Chemistry UAF. All interested are invited to attend.
4. Miss Raakia Anam Saeed, Regd. No. 2012-ag-3878, PhD student at the NIFSAT, will defend her PhD thesis on 23-02-2024 at 02:00 pm in Video Conference Room, NIFSAT, UAF. All concerned are requested to make it convenient to attend. The title of her thesis is "Exploring the Therapeutic Efficacy of Prunus *Avium* Against Hepatoma in Animal Model".
5. Mr. Muhammad Hassan Bashir, Regd. No. 2015-ag-1596, a PhD student of Environmental Science at the Institute of Soil and Environmental Sciences has successfully defended his PhD thesis in a seminar at university level on 15-02-2024. The title of his thesis is "Impact of metals contaminated dust on roadside soils: treatment and management for crop health".
6. Miss Fatima Yousaf, Regd. No. 2014-ag-721, PhD Biochemistry student of the Department of Biochemistry has successfully defended her thesis entitled "Fertility enhancing potential of nano-formulations of selected nutraceuticals" as required under the rules on 02-02-2024.
7. Ms. Anisa Riaz, Regd. No. 2009-ag-736, PhD student (Rural Sociology) of the Department of Rural Sociology has successfully defended her PhD thesis on 15-02-2024. The title of her thesis is "Knowledge, Attitude and Practices regarding Food Safety and its effects on Human Health in Punjab, Pakistan".

**کرایہ داری عام پارکنگ سٹینڈ**

جشن بہاراں 2024 (01مارچ تا09مارچ،2024)

یونیورسٹی انتظامیہ جشن بہاراں 2024 منعقد کروا رہی ہے۔جس کے لئے مورخہ 01مارچ تا09مارچ 2024 تک پارکنگ اسٹینڈ (ایکسپو سنٹر، کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ کے سامنے اور گھوڑ دوڑ گراؤنڈ کے ساتھ جگہ) کی نیلامی کے لئے خواہش مند ٹھیکیداران کو دعوت دی جاتی ہے۔ بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند ٹھیکیداران مورخہ 26-02-2024 بوقت 11:00 بجے اسٹیٹ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ نزد مین گیٹ میں حاضر ہوں۔نیلامی کی شرائط اور قواعد وضوابط حسب ذیل ہونگے۔

**قواعد و ضوابط و شرائط :۔** 1۔کامیاب بولی دہندگان پارکنگ فیس کے ضمن مین ہر سائیکل کے -/10 روپے، موٹر سائیکل -/20 روپے، کار/جیپ کے -/30 روپے جبکہ منی ٹرک مزدا/ہنڈائی وغیرہ کے -/50 روپے وصول کریں گے۔2۔خواہش مند ٹھیکیدار کو بولی سے قبل مبلغ -/25000 روپے جمع کروانا ہونگے۔3۔کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم بمعہ ٹیکس جو کہ 10% فائلر اور 20% نان فائلر کے لئے موقع پر جمع کروانا ہوگا۔4۔سرکاری گاڑیاں اور اسٹیٹ مینجمنٹ کی طرف سے جاری کردہ سٹکرز (سبز، نیلا) والی گاڑیاں وموٹر سائیکل پارکنگ فیس سے مستثنی ہونگے۔مزید یونیورسٹی کے ایسے ملازم اور سٹوڈنٹس جن کے پاس یونیورسٹی کا جاری کردہ کارڈ ہوگا وہ بھی پارکنگ فیس سے مستثنی سمجھے جائیں گے۔5۔پارکنگ مقام پر حفاظتی تار لگانا، گاڑیوں کی نگرانی اور پارکنگ کی اندرونی مینجمنٹ کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔6۔کامیاب بولی دہندہ پارکنگ ایریا میں کھڑی گاڑیوں/موٹر سائیکل، سائیکل وغیرہ کی چوری یا کسی بھی قسم کے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔7۔کامیاب بولی دہندہ یونیورسٹی کے قوانین اور شعبہ اسٹیٹ مینجمنٹ کی ہدایات پر پابندی کا بھی ذمہ دار ہوگا۔8۔یونیورسٹی ملازمین پارکنگ سٹینڈ کی نیلامی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔9۔یونیورسٹی کی انتظامیہ کو کوئی وجہ بتائے بغیر نیلامی کو منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔10۔پارکنگ کے لئے کامیاب بولی دہندہ اپنے اور پارکنگ میں کام کرنیوالے تمام افراد کے اصل شناختی کارڈ اور مصدقہ فوٹو کاپی اسٹیٹ مینجمنٹ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔جو جشن بہاراں کے اختتام کے بعد واپس کردئے جائیں گے جبکہ اسٹیٹ مینجمنٹ کی طرف سے ٹھیکیدار اور ملازمین کو سکیورٹی کارڈ جاری کئے جائیں گے۔ 11۔فیسٹیول کے دوران ٹھیکیدار کو اس امر کی تحریری ضمانت جمع کروانا ہوگی کہ وہ یا اس کا کوئی ملازم اس عرصہ کے دوران یونیورسٹی میں کسی بھی قسم کی غیر قانونی، غیر اخلاقی سرگرمیوں کا حصہ نہیں بنے گا اور قصوروار ہونے کی صورت میں یونیورسٹی کے فیصلے کا پابند ہوگا۔12۔کسی بھی قسم کے تنازعہ کی صورت میں وائس چانسلر یا مجاز آفیسر کا فیصلہ بطور ثالث حتمی ہوگا۔

**FINAL THESIS SUBMISSION DATE EXTENDED**

The Competent Authority of the University has been pleased to extend the date for submission of the final thesis for Winter Semester, 2023-24 up to 04-03-2024, only for those students who got scrutinized their semifinal thesis from the office of the Director Graduate Studies within the due date. Moreover, those students who would fail to submit their final thesis up to 04-03-2024, can enroll Spring Semester, 2023-24 up to 08-03-2024 with late fee Rs. 1500/- along with the Spring Semester fee. Further extension will not be granted under any circumstances.

**LATE FINE ON LATE DEPOSIT FEE**

In order to facilitate various University Departments, the Vice Chancellor has approved a late fine on late deposit of fee @ Rs. 300/- per day on all students who have availed the Fee Instalment/Deferment Facility and unnecessarily not paying their dues on the given time nor do they are contacting the Fee Section or DFA&UA for any issues. Due to these unnecessarily delays, various departments are facing difficulties regarding their enrolment, results, hostel allotments etc.

**TENDER NOTICE NO. 04 /2024**

Sealed tenders are invited from the firms/contractors for the following works of University of Agriculture, Faisalabad (UAF) and registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in the relevant category of the works on the **Item Rate** (DNIT-Basis) or the **Percentage Rate (MRS-1st Bi Annual 2024/ TS-Estimate)** circulated by the Finance Department, Government of the Punjab as per PPRA rules.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Last date for the submission of Tender Documents:**05-03-2024** | | | 11:00 a.m. | |
| Date of Opening: **05-03-2024** | | | 11:30 a.m. | |
| Name of Work | Amount (Rs.) | Bid security @ 2% of Estimated Price | Tender Fee (Rs.) | Time Limit |
| Extension of Junior Laboratory School Mohalla Usman Ghani Gulam Muhammad Abad UAF. | 22,079,400/- | 441,588/- | 500/- | Five Months |
| Up-gradation and replacement of roof G.I Sheet into UPVC Sheet and Electric work at old Power House, UAF. | 6,134,825/- | 122,697/- | 500/- | Three Months |

Tender Documents can be obtained on payment of prescribed tender fee (Rs.500) into the account No. 11-9/NBP (NDIA), Agri. University Branch through E-Challan Form issued by the Office of Treasure, UAF from the office of the Executive Engineer ECD-M UAF or free download from the UAF website http://web.uaf.edu.pk/Main/Tenders and at PPRA website. Tender rate and amount should be filled in figure as well as in words and tender should be signed and stamped by the vender. The bid must be dropped in the Tender Box available in office of Principal Officer, ECD-M UAF and not to be handed over to any person of the ECD-M, UAF if the bid is sent by in person or through post, the same instructions should be passed on the Representative/Courier/Postal Services etc. The UAF will not be responsible for any cost and expense incurred by the bidder in connection with the preparation or delivery of bids. In case of official holiday on the day of submission, the next day will be treated as closing date. Conditional tender or tender without bid security@ 2% of tender estimated cost in shape of CDR issued by a scheduled bank in favor of Executive Engineer (ECD-M), UAF will not be entertained.

**AUCTION NOTICE**

(i) Rice Mixture 1022 kg (ii) Cotton 262 kg (iii) Soybean 36 kg farm produce will be sold by open auction on 22-02-2024 at 11:00 am at Student's Farm, Department of Agronomy, UAF. Interested persons may bid. One-third amount of the bid will be realized at the spot.



**ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ (سندھ) کے ترقی پسند کسانوں کی 5000 ایکڑ زرعی زمین کی کاشت کے لیے**

تجربہ کار اور باصلاحیت امیدواروں سے پرکشش تنخواہ پر مندجہ ذیل اسامیوں کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں:

(i) فارم مینیجر (ii) آپریشن مینیجر (iii) فیلڈ آفیسر (iv) فیلڈ اسسٹنٹ

تقرری خالصتاً کنٹریکٹ کی بنیاد پر ہوگی۔ درخواست دہندگان کے لیے ایم ایس سی آنرز (ایگرانومی، سوائل سائنس، انٹومالوجی اور پی بی جی) کی اہلیت ضروری ہے۔ درخواستوں کے ساتھ ایک تازہ ترین تصدیق شدہ تصویر اور تعلیمی سرٹیفکیٹس، ڈگریوں اور تعریفی اسناد کے ساتھ تجربہ سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں دفتری اوقات میں پروفیسر ڈاکٹر محمد جلال عارف چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف انٹومولوجی زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے دفتر میں اس نوٹس کی اشاعت کے 15 دن کے اندر پہنچ جانی چاہئیں۔ نامکمل یا مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

